# نظم

آندھیاں آئیں، بگولے اٹھے، طوفاں گزرے
ہم بہرگام رہِ شوق سے خنداں گزرے

ظلمتیں چھٹ گئیں روشن ہوا ذرہ ذرہ
جس طرف سے بھی وہ رشکِ مہِ تاباں گزرے

ہمت افزائیِ چشمِ کرمِ دوست تو دیکھ
وقتِ خوش کی طرح اوقاتِ پریشاں گزرے

ذکر اب ان کا عبث، فکر بھی ان کی بے سود
خوں جو آنکھوں سے بہا، دل سے جو ارماں گزرے

صرف بلبل ہی نہیں زخمیِ شمشیرِ نظر
گل بھی کوچے سے ترے چاکِ گریباں گزرے

کلی چٹکی نہ کوئی غنچۂ امید کھلا
یوں تو اس راہ سے سو ابرِ بہاراں گزرے

جس طرح یہ دلِ مغموم جہاں سے گزرا
ہائے یوں بھی نہ کوئی بے سروساماں گزرے

اپنی منزل کا نشاں ڈھونڈا اسی جادے پر
جس پہ چودہ سو برس پہلے مسلماں گزرے

شارعِ موت تو ہے ایک ہی لیکن اس پر
کتنے ہنستے ہوئے، اور کتنے پریشاں گزرے

طمطراقِ شہِ اورنگ نشیں پر تو نہ جا
کیا خبر ایسے یہاں کتنے سلیماں گزرے

لاکھوں بھولی ہوئی یادوں نے پکارا عاجز
ہم اگر گاہے سرِ شہرِ خموشاں گزرے

○

جناب عبدالرحمٰن عاجز